# Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 8 Short Questions Test

Q1. آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورۃ البقرہ اور آل عمران کے متعلق کیا فرمایا.

**Ans 1:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے ارشاد فرمایا: دو روشن سورتوں سورۃ البقرہ اور سورہ ال عمران کو پڑھا کرو، کیوں کہ یہ دونوں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی جیسے بادل ہوں یا جیسے پرندوں کی دو صف بستہ جماعتیں ہوں - یہ اپنے پڑھنے والوں کے لیے شفاعت کریں گی.

---

Q2. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

**Ans 1:** ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیےہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

---

Q3. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

**Ans 1:** سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

---

Q4. غزوہ تبوک میں منافقین کا کیا کردار تھا؟

**Ans 1:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے منافقین کے سردار عبداللہ بن ابی کو اس کے تمام منافق ساتھیوں سمیت لشکر سے نکال باہر کیا- اہل ایمان نے اپنی طاقت سے بڑھ کر ایثار کا مظاہرہ کیا اور پکی ہوئی فصلوں کو چھوڑ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے ساتھ روانہ ہوگئے.

---

Q5. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

**Ans 1:** اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.

---

Q6. سورہ ایتہ الکرسی کی کتنی ایت ہیں

**Ans 1:** ایتہ الکرسی قرآن مجید کیبہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے. سورہ البقرہ کی آیت نمبر دو سو پچپن ایتہ الکرسی ہے.

---

Q7. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

**Ans 1:** مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

---

Q8. لفظ کے معنی تحریر کریں- زنوبنا- الابرار- لاتخلف- نزع- تذل- تخرج- مسومین- لاولی الباب-

**Ans 1:** زنوبنا- ہمارے گناہ- الابرار- نیک لوگ- لاتخلف- تو خلاف نہیں فرماتا- تنزع- تو چھین لیتا ہے- تذل- تو ذلیل کرتاہے- تخرج- تو نکالتا ہے- مسومین- نشان زدہ- لاولی الباب- عقل مندوں کے لیے-

---

Q9. الفاظ کے معنی تحریر کریں- کسادھا- اثاقلتم- یستبدل- لاتحزن- جنود- السفلی

**Ans 1:** کسادھا- اس کا خسارہ اثاقلتم- تو بوجھل ہوجاتے ہو- یستبدل- وہ بدل کر لے آئے گا- لاتحزن- غم نہ کرو جنود-لشکروں- السفلی- پست

---

Q10. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

**Ans 1:** بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

---